گاندھی اینڈ چوکسی پروڈکشنز کا

دشمن

اداکاران

لیلی ناز - ردی - بپن گپتا

قیمت ۱/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

دو پھولوں کے

گانا نمبر ۱

آئی پری رنگ بھری کس نے پکارا
کس نے کیا پیار بھرا مست اشارہ

چھم چھم چھم چھم ناچے جیا
موسم بھی لہرا کے گانے لگا۔ جھوم اٹھا جہاں — آئی پری —

لیکے بہار آئی ہوں میں دل کا قرار لائی ہوں میں
تو میرا میں تیری او میرے بلم
دھرتی کی گودی میں آئی ہوں میں لیکے مستیاں۔ آئی پری
بنسی کی دُھن نے لوٹا تجھے
اپنے ہی دل میں دیکھا تجھے
گاؤں رے گُڈ دونوں رہے ہو کے مگن
تاروں کے محلوں سے اُتری ہوں میں لیکے بجلیاں۔ آئی پری
کرنا تو یاد آ ئینگی ہیں۔ کھیلنے کو چاند لاؤں گی میں
آ ادھر چھم چھم کے تو ہے میرا دل
شبنم کے موتی لٹاؤں گی میں تیری راہ میں — آئی پری —

گانا نمبر ۲

بھین کا مورا تو رامپ رسُہانا دیکھو جی یاد رکھنا
نبھانا دیکھو جی یاد رکھنا چھم چھم چھم ناچے بہار
ترانہ دیکھو جی یاد رکھنا زمانہ دیکھو جی یاد رکھنا

چنچل ہواؤں میں بھیگی بھیگی راتوں میں
اونچے اونچے نیم اکی ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں میں
دیکھو جی دل نہ توڑنا موری گوکل یہ گیت یاد رکھنا

تاروں کی ٹم ٹم میں چندا کے گھوڑے پہ
بادل کے ہاتھوں پہ بجلی کے ہنڈولے پہ
پربت کے پار چلیں ہم چلو تم بھی ہمارے ساتھ مُجھ منا
بات کو سمجھانا جی ہمیں نا بھولنا جی
آج تو منایا ہے کل نہ رُلانا جی
چُپکے سے مُنہ نہ موڑنا موری ہرنی نہ ساتھ میرا چھوڑنا
بات کو سمجھائیں گے تمہیں نہ بھلائیں گے
آج ہمیں دنیے میں تمہیں نہ رُلائیں گے
تم بھی ہمیں نہ بھلانا ، موہے چندا کی کھڑکی سے جھانکنا

گانا نمبر ۳: ۔ روٹھی جائی رے گجریا نا بولے رے
جھوم کے سنی تھی گوری پیلے سبل میں
بات کیا ہو گئی جو روٹھی کھیل کھیل میں
مُنہ پہ غصے کی لالی ذہنی ہے دل میں لگالی
تیکھی تیکھی روٹھی جائی رے

لڑکی: ۔ چھوٹی جی سانوریا نا بولوں رے
تو نے ندیا پر موری گگری توڑ دی
بھول سی کلیا ہائے تو نے توڑ دی
مجھ کو ستانے والے بنسی بجانے والے

جا جا رے چھلیا جھوٹی سنوریا نا بولوں رے

لڑکا:۔ رہ جیئے سے آکے توری انکھ بھیج لی
اتنا قصور ہے اجی بجز ی کھیچ لی
اچھا جی معاف کردو دل دینا معاف کر دو
پیار پیار میں
جھگڑا نہیں ہے اچھا بات بات میں
چھلا سا ہاتھ دے دو میرے ہاتھ میں

لڑکی:۔ آؤ جی ساتھ کھیلو
اس دل کو دل میں لے لو

دونوں:۔ جھوم جھوم کے

لڑکا:۔ رہ بیٹھی جیا ئی رے

گانا نمبر۴

کاہنا:۔ چھیڑو نہ چھیڑو بانسری رے۔ میں تو آگئی
تو ہے پیا میرے لیئے۔ چھوڑا جہاں تیرے لیے
نیناں ہے مندر۔ تو جس کے اندر
میں توری ندیا تو ہے سمندر
آ تو گئی چھپا تو گئی جیسے بدریا
باجے چھم چھم چھم پائل کی جھانجری رے ۔۔۔ کاہنا
نٹ کھٹ کنہیا بنسی بجیا
میں تیری داسی اور رے رنگ رسیا
تو ہے جہاں میں ہوں وہاں توری گجریا

آئی جمنا کے تٹ پر پیاسی رادھا بانوری رے ۔ کانہا ۔

گانا نمبر ۵ :۔ تڑپ تڑپ کے کٹی عمر آشیانے میں
ملا نہ چین ہمیں تو کبھی زمانے میں
بہار آئی کھلے پھول ، ہم تو یہ سمجھے
کسی نے آگ لگا دی ہے آشیانے میں
ہمارے دل سے خبر اُن کے دل کو ملتی ہے
بڑا مزا ہے جدائی کا غم اُٹھانے میں
کبھی کسی سے کچھ نہ کہا ، اپنے دل سے باتیں کی
ہم آپ جل گئے ۔ دل کا دیا جلانے میں
ہمارے صبر کا بھگوان امتحان نہ لے
کہیں یہ دم نہ نکل جائے آزمانے میں

گانا نمبر ۶ :۔ آجا آجا رے
ہائے گھبرائے رے بن تیرے میرا من اب تو آجا آجا رے
میں اکیلا پھیروں ، لاگی توری لگن اب تو آجا آجا رے
اب تو رہتی ہے ہر دم یہ انکھیاں ہماری کھوئی کھوئی رے
کالی بدری بھی جھم جھم کے غم پر ہماری رو دی روئی رے
دیکھ برسات جو پھر بھی جلتا ہے من اب تو آجا آجا رے
میں تو بادل کے سنگ سنگ ندیا کنارے ڈولوں ڈولوں رے
تیری گڈیا سے رو رو کے دل کی کہانی بولوں بولوں رے
تم نہ جانیں کہیں مورے پاگل نین ۔ اب تو
میں تو انجان کبھی اُڑنا نہ جانیں ، کیسے آؤں رے

میرے دل کی جو دھڑکن وہ میں ہی جانوں، کیا بتاؤں رے
بس کے اُجڑا میری زندگی کا چمن ۔۔اب تو ۔۔۔

گانا نمبر ۷ :۔ میں بے زباں ہوں پنچھی مجھے چھوڑ کر دعا لے
پنچھی سی جان میری، مجھے غم سے چھڑا لے

فریاد میری سن لے، سنتا نہیں زمانہ
باقی عمر میں غم کا میں ہو گئی نشانہ
قسمت میری ہے روٹھی تو ہی اُسے منا لے
ایسی کلی ہوں، جس نے دیکھی نہیں بہاریں

دنیا کے اس چمن میں اب ہم کسے پکاریں
بھاتے نہیں ہیں مجھ کو محلوں کے یہ اُجالے
آنکھوں میں نیند کیسی راتوں کو جاگتی ہوں
سونی ہے ساری دنیا میں اُٹھ کے بھاگتی ہوں

بولوں تو کیسے بولوں، منہ پر لگے ہیں تالے

گانا نمبر ۸

ٹھمک ٹھمک ناچوں رے دیکھو ٹھمک ٹھمک ناچوں رے
میں تو چینی کی ہوں گڑیا جادو کی ہوں پڑیا
جب میں ناچوں دنیا ناچے دیکھے میرا کھیل
رک جائے ہاتھی رک جائے موٹر، رک جائے بھی ریل
ہوں تو چھوٹی پر میں کھوٹی سب سے میرا میل
پانی میں بھی آگ لگا دوں، پتھر کو پگھلاؤں
میرے دم سے جگ میں چھم چھم دیکھو چاند چڑھاؤں

پھر بھی کتنی نازک ہوں میں یہ کیسے تبلاؤں
نگری نگری پھرتی گاؤں، بجلی میرا نام
جتنا گانا دل بہلانا، یہ ہے میرا کام
بچے بوڑھے اور جوان لو آئی تمہارے گام

گانا نمبر ۹

دُور اندھیرا ہوا سویرا ہوا، میں ناچوں رے آج میں گاؤں رے
دھوپ خوشی کی چھائی، جان کلی میں آئی رے میں ناچوں رے
ڈولے رے انگ انگ مستی کی تال پر
جیسے پتنگ نیچے چٹکی کی تال پر
لہراؤں بل کھاؤں جیسے بدریا، میں ناچوں رے
دیکھو جی دیکھو گوری ناچے چھما چھم
جل کی جھریا تو کودیں دھما دھم
ڈھول بجائے سپیرے چھما چھم
باجے ری دل کی ڈھولک چھما چھم
اُونچے اُونچے امبوا کے جھولے پر جھولوں
پھولوں کی بات کیا تاروں کو چھولوں
فرما کے اُڑیں کے بادل بجریا
چھیڑے پون بھی اپنی ستار کو
موجیں لینے کی آئی بہار کو
جھومے رے جھومے ری ساری نگریا

ختم شُد

(الہ آباد پریس دہلی)